سوال

(269) میت کے سلسلے میں چند بدعات اوران کا رد

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعض لوگ میت کو غسل دینے کے بعدیا میت کو گھر سے جنازہ گاہ (جہاں میت کی نماز جنازہ پڑھی جاتی ہے) کی طرف لے جانے کے بعد حلوہ تقسیم کرتے ہیں جسے قبر کا توشہ کہا جاتا ہے۔اس (حلوے) توشے کی شرعی حثیت کیا ہے؟ دلیل سے بیان کریں (ایک سائل)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس (حلوے) توشے کا ثبوت قرآن وحدیث میں قطعا نہیں ہے اورنہ سلف صالحین سے یہ عمل ثابت ہے لہذا یہ بدعت ہے۔ صحیح حدیث میں آیا ہے کہ رسول اللہﷺ نے فرمایا: ((وکل بدعة ضلالة)) اورہر بدعت گمراہی ہے۔ (صحیح مسلم: 867/2005)

مشہور تبع سنت صحابی سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کل بدعة ضلالة وان راها الناس حسنا "ہر بدعت گمراہی ہے اگرچہ لوگ اسے حسن (اچھا ہی) سمجھتے ہوں۔ (السنة للمروزی:86 وسندہ صحیح)

میت کے گھر والوں پر غم وپریشانی آئی ہوئی ہے اورانھیں اس رسم پر مجبور کیا جارہا ہے کہ لوگوں کا منہ میٹھا کرنے کےلیے (حلوہ) توشہ پکا کر کھلائیں۔حالانکہ ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ اردگرد کے لوگ کھانا پکا کر میت کے گھر واوں کو کھلاتے۔جب سیدنا جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ جہاد فی سبیل اللہ میں شہید ہوئے تو رسول اللہﷺ نے لوگوں سے فرمایا: ((اصنعوا لال جعفر طعاما فانہ قد اتاہم امر یشغلہم))

آل جعفر (جعفر رضی اللہ عنہ کے گھروالوں) کےلیے کھانا تیار کرو کیونکہ ان پر ایسی بات آگئی ہے جس نے انھیں مشغول کردیا ہے۔

(سنن ابی داؤد:3132 مسند الحمیدی بتحقیقی:537 وسندہ حسن وصحہ الترمذی:998 والحاکم 1/372 والذہبی)

شیخ محمد ناصر الدین البانیؒ شیخ محمد البرکویؒ کی کتاب جلاء القلوب (77) سے نقل کیا ہے کہ لوگوں کا اہل میت کی طرف سے کھانا کھانے کی دعوت قبول کرنا بدعت ہے، دیکھئے احکام الجنائزوبدعہا (ص256 فقرہ:113)

دوحہ قطر کے قاضی شیخ احمد بن حجر البوطامی فرماتے ہیں: "میت کے گھروالوں اور متعلقین کا تعزیت وسوگ کےلیے مجلس منعقد کرنا اور تعزیت وسوگ کےلیے مجلس منعقد کرنا اور

تعزیت کےلیے آنے والوں کے واسطے تین دنوں تک کھانا تیار کرنا بدعت ہے ۔ بعض لوگ یہ بتدعانہ کام ایک ہفتہ تک کرتے ہیں اور یہ فضول خرچی سے کام لیتے ہیں ، مثلاً بہت جانور ذبح کرتے ہیں اور انواع واقسام کے کھانے بناتے ہیں اور لوگ مختلف اطراف وجوانب سے آتے اور کھاتے ہیں ، کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ میت کے ورثاء چھوٹے یتیم بچے ہوتے ہیں پھر بھی لوگ ان کے اموال کو اس کام میں خرچ کرڈالتے ہیں ، اس کے حرام ہونے میں کوئی شک وشبہ نہیں ہے ، کیونکہ ی یتیموں کا مال زور زبردستی اور جور وظم کے ساتھ کھا جانے کے مترادف ہے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ : اِنَّ الَّذِينَ يَأْكُلُونَ أَمْوَالَ الْيَتَامَىٰ ظُلْمًا إِنَّمَا يَأْكُلُونَ فِي بُطُونِهِمْ نَارًا جو لوگ یتیموں کا مال ظلماً کھا جاتے ہیں بے شک وہ لوگ اپنی پیٹ میں جہنم کی آگ کھا رہے ہیں ۔ (النساء :10)

یہاں تک کہ وہ متاخرین بھی جو بہت سے بدعات کو حسنہ قرار دیئے ہوئے ہیں اس فعل کو " بدعت ضالہ " کہتے ہیں کیونکہ اس میں سنت کی مخالفت پائی جاتی ہے ۔ اس لیے کہ سنت یہ ہے کہ میت کے گھر والوں کےلیے ان کے پڑوسی لوگ کھانا تیار کریں ، اور کھلائیں جیسا کہ حدیث میں آیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ((اصنعوالال جعفر طعاما)) جعفر (جو جنگ موتہ میں شہید ہوگئے تھے) کی اولاد اور گھر والوں کےلیے کھانا تیار کرو ۔ (عام کتب حدث)

دوسری بات یہ ہے کہ ایسا کرنا اسراف وفضول خرچی ہے ، تیسری بات یہ ہے کہ اس میں باطل وناحق (طریقے سے) لوگوں کا مال کھالیا جاتا ہے کیونکہ میت کے ورثاء کبھی کبھی فقراء ہوتے ہیں یا یتیم بچے ہوتے ہیں کبھی کبھی یہ لوگ قرض لے کر کھلانے پلانے والا یہ قبیح وشنیع کام دوسرے لوگوں کے ڈر سے کرتے ہیں ، " (بدعات اوران کا شرعی پوسٹ مارٹم ص 675-676)

خلاصہ یہ کہ مسئولہ بالا عمل جائز نہیں بلکہ بدعت سیئیہ ہے ۔

تنبیہ : فتاویٰ سمرقندی کی ایک روایت میں آیا ہے کہ (سیدنا) عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا :

اے مومنو! قرآن کو مردوں کی نجات کا وسیلہ بناؤ تو حلقہ بنالو اور کہو : اے اللہ! اس میت کو قرآن مجید کی حرمت سے بخش دے ۔ الخ

اس روایت کی سند مردود ہے ۔ اس میں عباس بن سفیان راوی نا معلوم ہے ۔ اگر اس سے کتاب الثقات لابن حبان والا مجهول الحال راوی مراد لیا جائے تو ابو اللیث سمرقندی کی اس سے ملاقات ثابت نہیں ہے اور اگر یہ کوئی دوسرا مجهول شخص ہے تو اس کی اسماعیل بن ابراہیم عرف سے ملاقات کا کوئی ثبوت نہیں ہے ۔ (26/ نومبر 2007 الحدیث : 45)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاوی علمیہ

جلد1 ۔ کتاب الجنائز ۔ صفحہ 507

محدث فتویٰ